یورپی ممالک کا باہمی تعاون

پناہ، خاندان کو تلاش کرنا اور منتقلی

اسی ملک میں رہیں جہاں آپ رجسٹرڈ ہیں۔

← اگر آپ اس وجہ سے **پناہ مانگنا** چاہتے ہیں کیونکہ آپ کا ملک آپ کے لیے محفوظ نہیں ہے، تو افسران کو بتائیں۔ متعلقہ حکام **آپ کی رجسٹریشن کریں گے**۔

رجسٹریشن کے دوران افسران

- آپ سے آپ کا نام، عمر اور قومیت پوچھیں گے۔ وہ آپ کے خاندان کے بارے میں اور آپ یہاں کیسے پہنچے، اس کے بارے میں بھی سوال کریں گے۔
- آپ کی تصویر اور انگلیوں کے نشانات لیں گے (6 سال یا اس سے زیادہ عمر والوں کے لیے)۔
- آپ کے دستاویزات (شناختی کارڈ، پاسپورٹ، پیدائشی سرٹیفکیٹ) چیک کریں گے اور آپ سے رابطے کی معلومات مانگیں گے۔

افسران کو بتائیں اگر آپ

- 18 سال سے کم عمر ہیں اور اکیلے پہنچے ہیں۔ وہ آپ کے لیے ایک شخص مقرر کریں گے جس کو سرپرست کہا جاتا ہے، جو آپ کی مدد اور رہنمائی کرے گا۔
- اپنے خاندان کو تلاش کر رہے ہیں۔ اگر یہ آپ کے بہترین مفاد میں ہو، تو وہ انہیں تلاش کرنے میں مدد کریں گے۔ اگر آپ اپنے خاندان سے نہیں ملنا چاہتے، تو اپنے سرپرست سے بات کریں۔
- اگر آپ کسی یورپی ملک سے واقف ہیں کیونکہ آپ پہلے وہاں رہ چکے ہیں۔
- اگر آپ کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے یا آپ کسی بات پر پریشان ہیں۔



اگر ایک ہی وقت میں بہت سے لوگ اس ملک میں پہنچیں، تو کچھ کو کسی دوسرے یورپی ملک میں منتقل کیا جا سکتا ہے۔

آپ **منتقلی کے لیے** ملک کا انتخاب نہیں کر سکتے۔

گر آپ منتقلی سے متفق نہیں ہیں، تو **آپ اپیل کر سکتے ہیں**، لیکن آپ کو وجہ بیان کرنی ہوگی۔

یاد رکھیں

- آپ کسی بھی وقت وکیل سے مشورہ حاصل کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں۔
- اگر آپ زبان نہیں بولتے، تو انٹرپریٹر کی درخواست کریں۔
- یہاں کام کرنے والے تمام افراد کو آپ کے ساتھ احترام سے پیش آنا ضروری ہے۔
- افسران کے ساتھ تعاون کریں۔ اگر اُن کی کوئی بات واضح نہ ہو، تو ان سے کہیں کہ وہ اس کی وضاحت کریں۔



Urdu

euaa
EUROPEAN UNION
AGENCY FOR ASYLUM

© یورپی یونین ایجنسی برائے پناہ، 2025